# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 2

| |
|---|
| نیچے دی گئی activity کے ذریعے بچوں کو یہ سمجھائیں کہ وہ بچے جنہیں Down Syndrome ہوتا ہے وہ بھی دوسرے بچوں کی طرح ہی ہوتے ہیں۔ |

**20 منٹ**

- بچوں سے ایک ایک کر کے نیچے دیئے گئے سوال کریں۔

- ہر سوال کے جواب میں جن بچوں نے ''ہاں'' میں جواب دیا ہو ان سے کہیں کہ وہ چپ چاپ اپنی جگہ پر کھڑے ہو جائیں۔ اب کلاس میں دیکھیں کہ اور کن بچوں کے جواب ''ہاں'' میں ہیں۔ ان بچوں کے نام لیں اور انہیں بتائیں کہ ان کے جواب ''ہاں'' میں ہیں اور ان سب کو ایک جیسی چیز پسند ہے۔ پھر دوسرا سوال کریں اور اسی طرح ایک جیسے جواب دینے والے بچے کھڑے ہو جائیں اور کلاس میں دوسرے بچے جنہوں نے ''ہاں'' میں جواب دیا ہے ان کے نام یاد رکھیں۔

- بچوں کے شوق کو مدنظر رکھتے ہوئے سوالوں میں ردوبدل کر لیں۔

1) کس کس کو سائنس پسند ہے؟
2) گلابی رنگ کون کون پسند کرتا ہے؟
3) اپنے دوستوں کے ساتھ کس کس کو بریک / آدھی چھٹی میں کھانا share کرنا اچھا لگتا ہے؟
4) کس کے پاس پالتو جانور کتا / بلی / پرندہ / مچھلیاں وغیرہ ہیں؟
5) کتے کے مقابلے میں بلی کس کو زیادہ پسند ہے؟
6) کس کی چھوٹی بہن ہے؟
7) کس کو کھیل کھیلنا پسند ہے؟
8) کرکٹ / گلی ڈنڈا / پتنگ اڑانا کس کو پسند ہے؟
9) کس کو انڈا پراٹھا پسند ہے؟
10) دودھ کون شوق سے نہیں پیتا؟
11) کون ناشتہ کرنا پسند نہیں کرتا؟

- سوال جواب کے بعد ایک ایک کر کے بچوں سے پوچھیں کہ وہ بچے جو ایک ساتھ کھڑے ہوئے تھے ان کے بارے میں کیا معلوم ہوا۔ بچے ممکن ہے کہیں کہ ہمیں ایک جیسی چیزیں پسند ہیں۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ مثال دیں۔ مثلاً سارہ، وہ اور مجھے ایک جیسے کھیل پسند ہیں۔

- آج کی activity سے پہلے کیا آپ کو معلوم تھا کہ کس کس کی پسند آپ کی پسند سے ملتی ہے۔ کیا آپ کسی کو صرف دیکھ کر جان سکتے ہیں کہ اس کو اور آپ کو ایک جیسی چیزیں پسند ہیں۔

- اگر آپ یہ جاننا چاہیں کہ کلاس میں آپ کی اور کن بچوں کی پسند ایک جیسی ہے تو آپ کیا کریں گے؟ ممکن ہے بچے کہیں کہ ان سے بات چیت کر کے، ان کے ساتھ کچھ وقت گزار کے معلوم کریں گے۔

- بچوں کو بتائیں کہ سب بچے ایک دوسرے کے دوست بننا چاہتے ہیں، باتیں کرنا چاہتے ہیں، ایک دوسرے کے ساتھ کھیلنا چاہتے ہیں۔ وہ بچے جنہیں Down Syndrome ہوتا ہے وہ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں۔

- بچوں سے کہیں کہ اگر ان کی کلاس میں ایک بچہ آتا ہے جو دیکھنے میں ذرا سا مختلف ہو تو وہ اس کے ساتھ کیسا برتاؤ کریں گے۔ اس بارے میں ایک پیراگراف لکھیں۔ عنوان اپنی مرضی سے دیں اور بچے کو فرضی نام بھی دیں۔

## سیشن 1

10 منٹ • بچوں میں کتابیں تقسیم کریں۔ انہیں کچھ منٹ دیں کہ وہ تصویروں کو غور سے دیکھیں۔ کہانی صفحہ نمبر 9 تک بچوں سے پڑھیں۔

15 منٹ • 4 - 5 بچوں سے اگلے صفحوں کی پڑھائی کروائیں۔

بچوں سے پوچھیں:

1) آئزہ اور علینا کون ہیں؟
2) دونوں کو مل جل کر کیا کرنا اچھا لگتا ہے؟
3) ابھی تک کہانی میں کیا ہوا ہے؟
4) بچوں آپ کے خیال میں کیا ہوگا؟

20 منٹ • نیچے دیئے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر ان الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ بچوں کو معنی سمجھائیں۔ بچے اردو کے 5 الفاظ چن کر جملے بنائیں۔ جو بچے جملے بنانے کا کام جلدی کر لیں ان کو کہانی کا کوئی جملہ لکھنے کو دیں۔

20 منٹ • کلاس میں بچوں سے کہانی پڑھ کر پوچھیں۔

| | English |
|---|---|
| جڑواں | twins |
| ہچکیاں | hiccups |
| پنجوں کے بل پاؤں | tiptoe |
| چھپن چھپائی | hide and seek |
| پونچھتے | to wipe |
| اچانک | suddenly |

5 منٹ • ہوم ورک: گھر سے ایک صاف ستھری جوڑی موزہ لائیں۔

# سیشن 3

**15 منٹ**

- بچوں سے کہیں کہ کتاب **آئزہ علینا** کی تصویریں دیکھیں۔

- 10 - 8 بچوں سے کہانی کا باقی حصہ پڑھوائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ سپیشل نیڈز (special needs) رکھنے والے بچے بھی بہت طریقوں میں عام بچوں کی طرح ہی ہوتے ہیں۔ آئزہ دیکھنے میں علینا سے مختلف لگتی ہے کیونکہ اس کو Down Syndrome ہے لیکن ان دونوں کے شوق بہت ملتے جلتے ہیں۔
- علینا نے کبھی آئزہ کو Down Syndrome کی بنا پر نہیں پہچانا بلکہ اس سے دوستی کی اور اپنے اور اس کے مشترکہ شوق کو دوستی کی بنیاد بنایا۔
- بچوں کو بتائیں کہ جب ہم کسی Down Syndrome والے شخص سے ملیں تو ہم کو بھی علینا کی طرح اس شخص کے شوق جاننے کی کوشش کرنی چاہیے۔

**10 منٹ**

- بچے اپنے لائے ہوئے موزے نکالیں۔

- بچوں کو سمجھائیں کہ وہ لوگ جنہیں Down Syndrome ہوتا ہے ان کا muscle tone عام لوگوں سے کم ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے ان کو ہر کام کرنے کے لئے زیادہ طاقت اور محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔
- بچوں کو اس ہاتھ پر جسے وہ لکھنے کے لئے استعمال نہیں کرتے ایک موزہ پہنا دیں اور ان سے کاغذ پر ان کا نام اور کچھ لائنیں لکھوائیں۔

یا

- بچوں سے کہیں کہ ہاتھوں پر موزہ پہن کر اپنے جوتوں کی لیس باندھیں۔
- Activity کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کو یہ کام کرنے میں مشکل پیش آئی؟ ممکن ہے بچے کہیں کہ انہیں مشکل ہوئی۔
- انہیں بتائیں کہ وہ بچے جنہیں Down Syndrome ہو ان کو اس طرح کے کام کرنے کے لئے بہت زیادہ محنت اور ہر کام بار بار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

15 منٹ

- بچوں کو الفاظ اور ضد پر کام کروائیں۔ ان کے ساتھ مل کر کہانی میں سے 10 الفاظ چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔ چند الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| پسندیدہ | نا پسندیدہ |
| سوال | جواب |
| ہاں | نہ |
| بڑے | چھوٹے |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| جلدی | آہستہ |
| صبح | شام |
| دوست | دشمن |
| خوشی | غم |

## ہوم ورک

5 منٹ

- کلاس میں کئے گئے الفاظ اور ضد میں سے کسی بھی 3 الفاظ کے جملے بنائیں۔ ہر جملے میں الفاظ اور اس کی ضد دونوں کا استعمال کریں۔

# سیشن 4

20 منٹ

- کلاس میں 5 - 4 بچوں کے گروپ بنا دیں۔ ان سے کہیں کہ آپس میں کوئی ایک کہانی شئیر (share) کریں جس میں وہ اپنے دوست سے کسی وجہ سے ناراض ہوئے اور پھر دوبارہ دوست کیسے بنے۔
  - ہر گروپ سے بہترین کہانی کو پوری کلاس کے ساتھ شئیر کریں۔
  - اس دوران بورڈ پر وہ سارے طریقے لکھتی جائیں جن سے بچے اپنے ناراض دوست کو منا سکتے ہیں یا پھر سے دوست بن سکتے ہیں۔ مثلاً:
    - سوری (sorry) کہنا
    - اپنی امی کی مدد سے منانا
    - اپنے دوسرے دوستوں کی مدد لے کر ناراض دوست کو منانا
    - اپنے ناراض دوست کے ڈیسک پر پھول رکھ دینا

- I miss you کا کارڈ بنا کر دینا
- اپنے / اپنی دوست کو گلے لگانا
- دوست کے لئے گھر سے کچھ خاص کھانا بنا کر لانا جو اس کو پسند ہو
- دوست کو کچھ canteen سے خرید کر دینا اور مل کر کھانا

- سبق کے آخر میں بچوں کو بتائیں کہ آپس کے اختلافات جلد سے جلد ختم کر دینے چاہئیں اور دوستوں کی قدر کرنی چاہیے۔

20 منٹ
- بورڈ پر سوال لکھیں۔ بچے کوپی میں اتار کر جواب لکھیں۔

1) آئزہ اور علینا کے درمیان کیا بات لڑائی کی وجہ بنی؟
2) ان کی لڑائی کس طرح سلجھی؟
3) کہانی کا کون سا حصہ آپ کو سب سے زیادہ پسند آیا اور کیوں؟
4) مہمان نے آئزہ کو سپیشل کیوں کہا؟
5) اگر آئزہ آپ کی کلاس میں ہو تو آپ کیا کریں گے؟

## ہوم ورک

5 منٹ
- املا کی تیاری کر کے آئیں۔ املا کے لئے الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔

گھٹنوں عجیب شکلوں پسندیدہ چھپن چھپائی ہنستے سہلایا آہستہ ہچکچانا پونچھتے

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 5 کی activity کے لئے نمونے کے طور پر دیئے گئے clue card کلاس کے بچوں کی تعداد کے مطابق بنائیں۔ ہر کارڈ کے اوپر کے حصے میں لکھا ہوا لفظ بچوں کو پہچاننا ہے۔ نیچے دیئے گئے الفاظ ممنوع الفاظ ہیں جو کھیل کے دوران استعمال نہیں ہوں گے۔

# سیشن 5

**10 منٹ**

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - 10 - 15 الفاظ کا املا کرائیں۔

**5 منٹ**

- املا کی اصلاح کروائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**30 منٹ**

- آج کی activity سے بچوں کو یہ سمجھانے کی کوشش کریں کہ وہ بچے جنہیں Down Syndrome ہوتا ہے ان کے لئے بات چیت کرنا اور اپنا مقصد سمجھانا مشکل ہوتا ہے۔

| دوائی |
|---|
| بیمار<br>ڈوکٹر<br>ہسپتال<br>مریض |

sample clue card

## Taboo کا کھیل

- کلاس کو ٹیم اے اور بی میں تقسیم کریں۔
- اس کھیل میں جلدی سوچنا اور جلدی بوجھنا ہے۔ ہر بچے کو صرف 30 سیکنڈ دیں۔
- اپنی میز پر بنائے ہوئے کارڈز الٹے کر کے رکھیں۔
- ٹیم اے اپنی ٹیم سے ایک بچہ چنے۔ بچہ کارڈ اٹھا کر کارڈ کے اوپر دیا گیا لفظ دیکھے۔ مختلف اشاروں اور الفاظ کے ذریعے اپنی ٹیم کو لفظ پہچاننے میں مدد کرے۔
- بچہ یہ خیال رکھے کہ دیئے گئے ممنوع الفاظ اشارے دیتے وقت استعمال نہیں کر سکتے۔ اگر اشارے دیتے ہوئے ممنوع الفاظ میں سے کوئی لفظ استعمال ہوا تو ٹیم بی کو پوائنٹ دیں۔
- ٹیم کا کوئی بھی بچہ اگر لفظ کو صحیح بوجھے تو ٹیم کو ایک پوائنٹ دیں۔
- اگلا اشارہ دینے والا بچہ ٹیم بی سے لیں اور اسی طرح کھیل کو جاری رکھیں۔
- آخر میں ٹیموں کے پوائنٹس گن کر جیتنے والی ٹیم کی حوصلہ افزائی کریں۔

- کھیل ختم ہونے کے بعد بچوں سے پوچھیں کیا انہیں یہ کھیل کھیلتے ہوئے کوئی مشکل پیش آئی۔ ممکن ہے بچے کہیں ٹائم کم تھا ٹیم کا پریشر تھا ممنوع الفاظ کی وجہ سے لفظ بوجھنا مشکل تھا۔

- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں ان مشکلات کی وجہ سے کیسا محسوس ہوا۔ ممکن ہے بچے کہیں بہت پریشانی ہوئی اور ہم اپنی بات نہیں سمجھا سکے کیوں کہ ہمارے پاس الفاظ کی کمی تھی۔

- بچوں کو بتائیں کہ جن بچوں کو Down Syndrome ہے ان بچوں کے پاس الفاظ کی کمی ہونے کی وجہ سے اپنی بات کو بتانا اور سمجھانا مشکل ہوتا ہے۔ ایسے بچوں کے لئے اکثر ایسے سپیشلسٹ سے مدد لی جاتی ہے جو ان کی زبان سیکھنے اور بولنے میں مدد کر سکیں۔ مثلاً ٹیچر ڈوکٹر سپیچ تھیراپسٹ وغیرہ۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 6 کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق "2x4 کے سادہ کاغذ کی پرچیاں تیار کر لیں۔

# سیشن 6

20 منٹ

- بچوں کو کاغذ کی پرچیاں دیں۔

- بچوں کو جوڑیوں میں بٹھائیں۔ بچے ایک دوسرے کی مدد کریں۔ صلاحیت کی نشاندہی کریں اور دیئے گئے کاغذ پر لکھیں۔ ان صلاحیتوں کی لسٹ بورڈ پر لکھیں۔ مثلا اچھا تیراک بہترین کھلاڑی اچھا گانا پیارا دوست اچھا آرٹسٹ حساب میں اچھا پڑھائی میں اچھا وغیرہ۔

- جب لسٹ مکمل ہو جائے تو بچوں سے پوچھیں کہ کیا کسی ایک شخص میں یہ ساری صلاحیتیں ہوسکتی ہیں۔ ممکن ہے بچے کہیں نہیں ہوسکتیں۔

- بچوں کو سمجھائیں کہ ہر شخص کو کسی نہ کسی کام میں دشواری ہوتی ہے۔ ایسے موقع پر دوسرے لوگ ان کی مدد کرتے ہیں۔ ہم سب مختلف صلاحیتوں کے مالک ہیں اس کی بنا پر ہم ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ ایک اچھا انسان وہ ہے جو دوسرے کی کمی / کمزوری کو سمجھے' اس کی عزت کرے اور ضرورت ہو تو مدد کرے۔

20 منٹ

- بچوں کو صفت (adjective) کے بارے میں بتائیں کہ یہ وہ لفظ ہے جس سے کسی کی خوبی کا پتہ چلتا ہے۔ مثلاً اچھا کھلاڑی سریلا گلوکار بہترین اداکار ماہر ڈوکٹر محنتی کسان۔

- بچوں کے ساتھ مل کر ایسے 15 صفات بنائیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی نکالیں بورڈ پر دی گئی صفات میں سے 5 کو جملوں میں استعمال کریں۔

## ہوم ورک

5 منٹ

- گھر میں امی اور ابو کو **آئزہ علینا** کی کہانی پڑھ کر سنائیں۔ آپ نے ان بچوں کے بارے میں جنہیں Down Syndrome ہوتا ہے جو کچھ جانا اور سیکھا ہے اس کے بارے میں بات چیت کریں۔

# آئزہ علینا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

Rs 150